DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

**مورخہ 09-07-2023**

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | زیارت کے عوام نے مذہبی جماعت کو مسترد کر دیا، نور محمد دمڑ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | کاکڑ خراسان کی تیس سالہ پسماندگی کا خاتمہ چاہتے ہیں، مٹھا خان کاکڑ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 03 | کوئٹہ ترقیاتی پیکج شہر کی ترقی کیلئے اہم سنگ میل ثابت ہوگا، چیف سیکرٹری | مشرق ودیگر اخبارات |
| 04 | عوام کے تحفظ میں غفلت برداشت نہیں کرینگے، ایس ایس پی آپریشن | جنگ ودیگر اخبارات |
| 05 | بلوچستان ہائی کورٹ سوشل ویلفیئر کی آسامیوں پر بھرتی کا عمل فائنل نہ کرنے کا حکم | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | اختیارات کے ناجائز استعمال پر متعدد ایس ایچ او کیخلاف کارروائی | آزادی ودیگر اخبارات |
| 07 | 8 نانبائی اور 2 ایرانی پٹرول پمپ مالکان گرفتار جیل بھجوا دیا گیا | مشرق ودیگر اخبارات |
| 08 | سول ہسپتال میں ڈاکٹر ہاسٹل کیلئے 30 کروڑ روپے کا اجرا | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | سبی اور ہرنائی ریلوے پر ہنگامی بنیادوں پر کام شروع یکم اگست کو بحالی متوقع | سینچری ودیگر اخبارات |
| 10 | اکابرین کیخلاف سازش برداشت نہیں کرینگے، بی این پی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | قرآن مجید کی بے حرمتی کسی صورت میں برداشت نہیں کی جائے گی، پشتونخوا میپ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | مصنوعی قیادت کی عوام دشمن پالیسیوں کے سبب بلوچستان مشکلات کا شکار ہے، نیشنل پارٹی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | گرمی کی شدید لہر اور سیزن میں بجلی کا غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ ظلم ہے، جمعیت نظریاتی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | | |
| 15 | | |
| 16 | | |
| 17 | | |
| 18 | | |

## امن وامان

انسداد منشیات کارروائیوں میں خاتون غیر اور ملکیوں سمیت 8 ملزمان گرفتار، ڈبل روڈ پر فائرنگ دو افراد ہلاک تین زخمی، شاہرگ میں اسلحہ کے زور پر موٹر سائیکل چھین لی گئی، قلات پولیس کی کامیاب کارروائی دو مفرور ملزمان گرفتار

مورخہ 09-07-2023

## عوامی مسائل

نواں کلی میں روڈ شکستہ حال جابجا گڑھے ٹریفک روانی متاثر حادثات میں اضافہ ،فقیر محمد روڈ پر جابجا گندگی کے ڈھیر عوام اذیت سے دوچار ،سول ہسپتال میں بنیادی طبی سہولیات کا فقدان مریضوں کو پریشانی ،آوارن بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام میں نیا سسٹم ہزار روپے کی کٹوتی

## اداریہ:

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے **"بلوچستان میں آٹے اور گندم کی گرانفروشی ،وزیر اعلیٰ کا نوٹس "** کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کوئٹہ اور صوبے کے دیگر علاقوں میں آٹے اور گندم کی مبینہ گرانفروشی کا نوٹس لیتے ہوئے یقین دلایا ہے کہ عوام کو مقررہ نرخوں پر آٹے کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی انہوں نے کمشنر نصیر آباد اور متعلقہ پولیس حکام کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنے ڈویژن سے گندم کو صوبے سے باہر لے جانے پر عائد پابندی کو یقین بنائیں اور عوام کو مقررہ نرخوں پر آٹے اور گندم کی فراہمی کیلئے نتیجہ خیز کوشش کی جائیں امید ظاہر کی کہ گندم کی وافر مقدار میں دستیابی سے رواں سال تو آٹے کی قلت ہوگی نہ ہی گرانفروش اپنی من مانی کر سکیں گے رواں سال گندم کی فصل بہت اچھی ہوئی ہے اس لئے عوام کو آٹے اور گندم کی مقررہ نرخوں پر فراہمی میں کوئی رکاوٹ نہیں ہونی چاہئے اور جو عناصر ناجائز منافع خوری اور ذخیرہ اندوزی کے مرتکب ہورہے ہیں ان کے خلاف اضلاع کی انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو بھرپور کارروائی کرنی چاہئے ۔

## اداریے:

روزنامہ بلوچستان ایکسپریس کوئٹہ نے **"Caralyzing in the Curriculum of Balochsitan"** عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے **" بلو چستان ،بجلی ، گیس اورپانی کی بحرانی کیفیت لمحہ فکریہ "** عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ زمانہ کوئٹہ نے **"بلوچستان ضلعی کونسلوں کے چیئرمین منتخب"** عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 DATE: 09 JUL 2023 Page No: 1

# زیارت کے عوام نے مذہبی جماعت کو مسترد کردیا، نور محمد دمڑ

## حلقہ انتخاب کے 2 ہزار سے زائد نوجوانوں کو روزگار دیا، صوبائی وزیر

زیارت (پ ر) بی اے پی کے صوبائی جنرل سیکرٹری سینئر صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا ہے کہ ضلع کونسل کے چیئرمین اور وائس چیئرمین کے انتخاب میں ہمارے کاروان کے نامزد امیدواروں کی کامیابی سے ضلع زیارت میں مذہبی جماعت کو بلدیاتی انتخاب میں ناکامی کا منہ دیکھنا پڑا کیوں کہ ان کے پاس اب عوامی حمایت اور طاقت نہیں رہی نام نہاد مذہبی جماعت کو بار بار زیارت کے عوام نے آزمایا اور متعدد اقتدار تک پہنچایا مگر انہوں نے عوامی حمایت کا کچھ خیال نہیں رکھا جس کے باعث لوگوں نے انہیں بلدیاتی انتخابات میں مسترد کردیا صوبائی وزیر نے کہا کہ حلقہ انتخاب کے مسائل کیلئے دن رات کردیئے ہیں اب تک حلقہ کے 2 ہزار سے زائد نوجوانوں کو روزگار فراہم کرچکے ہیں جبکہ اربوں روپے کے ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے اس لیے بلدیاتی الیکشن میں عوام نے اپنے ووٹ کی طاقت دکھائی ہے۔

MASHRIQ QUETTA

# کاکڑ خراسان کی تیس سالہ پسماندگی کا خاتمہ چاہتے ہیں، مٹھا خان کاکڑ

## سینکڑوں واٹر سپلائی سکیم، سکولز، بلڈوزر گھنٹے اور دیگر ترقیاتی سکیمات دے چکے ہیں

## مشیر اطلاعات کا کاکڑ خراسان کے مختلف سکولوں کا دورہ، مسائل سے آگاہی حاصل کی

ژوب (یو این اے) صوبائی مشیر اطلاعات مٹھا خان کاکڑ کا کڑ خراسان کے دورے کے موقع پر 5 کروڑ 90 لاکھ روپے کے لاگت سے عمران لالا خیل مردانزئی ڈیم کے افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ علاقہ کا کڑ خراسان کو گزشتہ تیس سالوں سے پسماندہ رکھا گیا ہے اور یہاں کوئی ترقیاتی کام نہیں ہوئے ہیں اس موقع پر شاہ یاران مندوخیل، مولوی نورالحق، رزاق مردانزئی، یونین کونسل منزک، کے چیرمین مولوی اکرم مردانزئی........ بقیہ نمبر 40 صفحہ 9 پر

نے بھی خطاب کیا انہوں نے کہا کہ زراعت کی ترقی و فروغ کیلئے ڈیمز بنانے کی ضرورت ہے اس طرح کے منصوبوں سے علاقے معاشی طور پر مستحکم اور آباد ہوں گے انہوں نے کہا کہ ہمارے دور اقتدار میں کاکڑ خراسان کو سینکڑوں واٹر سپلائی سکیم، سکولز، بلڈوزر گھنٹے اور دیگر ترقیاتی سکیمات دیئے ہیں کیونکہ اس پسماندہ علاقے کو سابقہ دور حکومت میں زندگی کے تمام بنیادی سہولیات سے محروم رکھا گیا تھا لیکن اب عوام میں باشعور ہو چکے ہیں سابقہ نمائندوں کو مسترد کر چکا ہے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

DATE: 09 JUL 2023

Page No: 2


## کوئٹہ پیکیج کی تکمیل سے جدید خوبصورت شہر بن جائیگا' چیف سیکرٹری

### رکاوٹوں کو دور، یوٹیلیٹی سروس لائنوں کو جلد منتقل کیا جائے' دورے کے موقع پر گفتگو

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) چیف سیکرٹری عبد العزیز عقیلی نے کہا ہے کہ کوئٹہ ترقیاتی پیکج شہر کی ترقی کے لئے اہم سنگ میل ثابت ہوگا ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل کیلئے تمام حائل رکاوٹوں کو دور اور یوٹیلیٹی سروس لائنوں کی جلد منتقلی کو یقینی بنایا جائے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کی صبح کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں کے دورے کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ شہک بلوچ، ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ عبدالجبار بلوچ، پراجیکٹ ڈائریکٹر و متعلقہ حکام بھی موجود تھے انہوں نے منصوبوں پر کام کی رفتار کو تیز کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ مقررہ مدت میں ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل ممکن بنائی جائے انہوں نے ایئرپورٹ روڈ، سبزل روڈ، انسکمب روڈ، سریاب روڈ، ریڈیو پاکستان روڈ، لنک بادینی روڈ، گرین بس سروس پارکنگ منصوبوں کا معائنہ اور ترقیاتی منصوبوں پر تعمیراتی کام کی پیش رفت کا جائزہ لیا اور کہا کہ منصوبوں کو درپیش مسائل کو جلد حل کرنے اور روزانہ کی بنیاد پر کام کی پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے سبزل روڈ، ریڈیو پاکستان روڈ کو جلد از جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی انہوں نے کہا کہ شہریوں کی سہولت کے لئے موجودہ منصوبے نہایت اہمیت کے حامل ہیں بہتری کے منصوبوں کی بروقت تکمیل سے کوئٹہ ایک جدید خوبصورت شہر بن جائے گا۔

MASHRIQ QUETTA

## کوئٹہ ترقیاتی پیکیج شہر کی ترقی کیلئے اہم سنگ میل ثابت ہوگا' چیف سیکرٹری

### چیف سیکرٹری نے کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکیج کے تحت بننے والی سڑکوں اور بس سروس پارکنگ منصوبوں کا معائنہ کیا، پیش رفت کا جائزہ لیا

### منصوبے شہریوں کی سہولت کے لئے اہمیت کے حامل ہیں، ترقیاتی منصوبوں میں تمام حائل رکاوٹوں کو دور کیا جائے، عبدالعزیز عقیلی

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان عبد العزیز عقیلی نے کہا ہے کہ کوئٹہ ترقیاتی پیکج شہر کی ترقی کے لئے اہم سنگ میل ثابت ہوگا، شہریوں کی سہولت کے لئے موجودہ منصوبے نہایت اہمیت کے حامل ہیں۔ یہ بات انہوں نے ہفتہ کی صبح کوئٹہ شہر کے دورے......

بقیہ 26 صفحہ نمبر 9 پر

کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ شہک بلوچ، ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ عبدالجبار بلوچ، پراجیکٹ ڈائریکٹر و دیگر متعلقہ حکام بھی موجود تھے۔ چیف سیکرٹری عبدالعزیز عقیلی نے کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج کے تحت ائیرپورٹ روڈ، سبزل روڈ، انسکمب روڈ، سریاب روڈ، ریڈیو پاکستان روڈ، لنک بادینی روڈ، گرین بس سروس پارکنگ منصوبوں کا معائنہ اور ترقیاتی منصوبوں پر تعمیراتی کام کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کوئٹہ پیکج کے تحت ترقیاتی منصوبوں پر کام کی رفتار کو تیز کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی تمام حائل رکاوٹوں کو جلد از جلد دور کیا جائے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 DATE: 09 JUL 2023 Page No: 3


## بلوچستان ہائیکورٹ‘ سوشل ویلفیئر کی اسامیوں پر بھرتی کا عمل فائنل نہ کرنیکا حکم

**فریقین کو نوٹس جاری‘ اسامیاں دوبارہ مشتہر کیے بغیر ٹیسٹ وانٹرویو غیر قانونی ہیں‘ درخواست گزار**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان ہائیکورٹ کے جسٹس محمد اعجاز سواتی اور جسٹس گل حسن ترین پر مشتمل بینچ نے محکمہ سوشل ویلفیئر بلوچستان میں خالی اسامیوں پر بھرتیوں کے عمل کو فائنل نہ کرنے کا حکم دیتے ہوئے فریقین کو نوٹسز جاری کردیے۔ عدالت نے یہ حکم میر وائس خان کی جانب سے دائر درخواست پر جاری کیا۔ درخواست گزار نے موقف اختیار کیا کہ محکمہ سوشل ویلفیئر بلوچستان میں 2020-21 میں مختلف خالی اسامیاں مشتہر کی گئیں، بعد میں اس پر عدالت نے حکم امتناع جاری کیا تھا۔ یکم جولائی کو عدالت نے حکم امتناع کو ختم کردیا اور مذکورہ خالی اسامیوں کیلئے ٹیسٹ وانٹرویوز کا عمل جاری ہے اور ایک افسر سلیم کھوسہ کو ڈی جی کا لک افتر چارج دیا گیا ہے۔ درخواست گزار نے موقف اختیار کیا کہ ڈی جی کے لک افتر چارج کا افسر مذکورہ خالی اسامیوں کو پر نہیں کرسکتا کیونکہ ان کے پاس مکمل چارج و اختیارات نہیں۔ اس کے علاوہ لورالائی ڈویژن اب دو ڈویژنوں میں تقسیم ہوچکا ہے لہٰذا مذکورہ خالی اسامیوں کو دوبارہ مشتہر کیے بغیر ٹیسٹ وانٹرویوز کا عمل غیر قانونی ہے۔ انہوں نے عدالت سے استدعا کی کہ مذکورہ اسامیوں پر ٹیسٹ وانٹرویوز کا عمل روک دیا جائے۔ جس پر عدالت نے مذکورہ خالی اسامیوں پر بھرتیوں کے عمل کو اگلی سماعت تک فائنل نہ کرنے کا حکم دیتے ہوئے فریقین کو نوٹسز جاری کردیے۔ درخواست گزار کی جانب سے قاری رحمت اللہ کاکڑ ایڈووکیٹ نے پیروی کی۔

## 8 نانبائی اور 2 ایرانی پیٹرول پمپ مالکان گرفتار‘ جیل بھجوادیا گیا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ضلعی انتظامیہ نے کاسی روڈ اور علمدار روڈ پر مختلف کارروائیوں میں 8 نانبائی اور 2 ایرانی پٹرول پمپ مالکان کو گرفتار کرکے جیل بھجوادیا۔ اسسٹنٹ کمشنر کوئٹہ سٹی عطاالمنعم نے بتایا کہ ڈپٹی کمشنر میر شہک بلوچ کی ہدایت پر تجاوزات‘ گرانفروشی اور غیر قانونی پٹرولیم مصنوعات کی فروخت کیخلاف کارروائی کا سلسلہ جاری ہے انہوں نے سٹی ایریا میں کارروائی کرتے ہوئے کم وزن روٹی کی فروخت پر 8 نانبائی اور دو ایرانی پٹرول پمپ مالکان کو گرفتار کرکے جیل بھجوادیا۔ ان کا کہنا تھا کہ ضلعی انتظامیہ اپنے اختیارات اور وسائل میں رہتے ہوئے تجاوزات گرانفروشی کیخلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہے۔

## عوام کے تحفظ میں غفلت برداشت نہیں کرینگے‘ ایس ایس پی آپریشنز

**جرائم پیشہ عناصر کی بیخ کنی کیلئے تمام وسائل بروئے کار لارہے ہیں‘ ذوہیب محسن**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ کیپٹن (ر) ذوہیب محسن نے کہا ہے کہ پولیس عوام کی جان ومال کے تحفظ کی ضامن ہے اس میں غفلت برداشت نہیں کی جائے گی جرائم پیشہ عناصر کیخلاف تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں تھانوں میں ایس ایچ اوز سمیت تمام پولیس اہلکار عوام کی مشکلات اور مسائل کے حل کیلئے اپنے فرائض کو احسن طریقے سے سرانجام دیں۔ ایس ایس پی آپریشنز ذوہیب محسن نے کہا کہ حکومت اور پولیس کے اعلیٰ حکام نے ہمیں جو ذمہ داری سونپی ہے ہم نے اپنے فرائض کی بجا آوری کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لاتے ہوئے عوام کی جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانا ہے اور جرائم پیشہ عناصر، اسٹریٹ کرائم، چوری ڈکیتی میں ملوث ملزمان کو قانون کے شکنجے میں جکڑنے کیلئے ہر ممکن اقدامات کرنا ہوں گے انہوں نے کہا کہ فرائض میں غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ عوام کی خدمت کیلئے 24 گھنٹے حاضر ہیں یہ ہماری ذمہ داری اور اولین ترجیح ہونی چاہیے۔

## اختیارات کے ناجائز استعمال پر متعدد ایس ایچ اوز کیخلاف کارروائی

**فرائض میں غفلت برتنے والے افسران کسی رعایت کے مستحق نہیں، ایس ایس پی آپریشن**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ایس ایس پی آپریشن کیپٹن (ر) ذوہیب محسن نے کہا ہے کہ تمام ایس ایچ اوز سائلین کی دادرسی کیلئے عملی اقدامات اٹھارہے ہیں جو بھی آفیسر فرائض میں غفلت کا مرتکب پایا گیا اسکے خلاف سخت محکمانہ تادیبی کارروائی عمل میں لائی جائیگی کیونکہ پولیس کا فرض ہے کہ عوام کی خدمت کو یقینی بنائیں جس میں کوئی دورائے نہیں کہ پولیس اور عوام کا گہرا تعلق ہے اور انہیں جو ذمہ داری سونپی گئی ہے اسکو نبھانے کا مقصد بھی معاشرے میں امن کے قیام کو یقینی بناتے ہوئے عوام کے جان ومال کا تحفظ کرنا ہے، اگر کوئی آفیسر اپنے اختیارات سے تجاوز کرتے ہوئے کسی سائل کے ساتھ غلط برتاؤ کریگا وہ کسی رعایت کا مستحق نہیں ہوگا، ہماری کوشش ہے کہ ہم تھانہ کلچر کا خاتمہ کرکے پولیس پر عوام کے اعتماد کو مزید بہتر اور مضبوط بنائیں کیونکہ ہم عوام کی مدد سے ہی معاشرے سے جرائم کا خاتمہ کرکے پرامن معاشرے کی تشکیل کو ممکن بناسکتے ہیں، انہوں نے کہا کہ پولیس کا اپنا ایک چیک اینڈ بیلنس اور خود احتسابی کا طریقہ کار ہے جسکے تحت اپنے اختیارات کا ناجائز فائدہ اٹھانے پر متعدد ایس ایچ اوز کے خلاف تادیبی کارروائیاں کی جارہی ہیں۔


92 نیوز کوئٹہ


## سول اسپتال میں ڈاکٹرز ہاسٹل کیلئے 30 کروڑ روپے کا اجرا

**ہاسٹل کی تعمیر کیلئے بی اینڈ آر ڈپارٹمنٹ کے ساتھ میٹنگ بلائی جائے، ڈاکٹر کلیم اللہ**

کوئٹہ (پ ر) ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان کی صوبائی کابینہ کے مطالبے پر سیکریٹری صحت اسفند یار خان نے بلوچستان میں ڈاکٹرز کی رہائش کا مسئلہ حل کرنے کیلئے بلوچستان کے بیشتر اضلاع کے ہیڈکوارٹر ہسپتالوں میں رہائشی فلیٹس کی تعمیر اور کوئٹہ کے سرکاری ٹرشری کیئر ہسپتالوں میں رہائشی فلیٹس اور ہاسٹلز کی تعمیر کے اسکیمات کو پی ایس ڈی پی میں شامل کیا تھا، سنڈیمن پراونشل اسپتال کوئٹہ میں ڈاکٹرز کیلئے ہاسٹل کی تعمیر کیلئے 30 کروڑ روپے کی خطیر رقم ریلیز کردی گئی، صدر ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان ڈاکٹر کلیم اللہ کاکڑ نے ایم ایس سنڈیمن پراونشل اسپتال کوئٹہ کو ایک خط لکھا ہے مطالبہ کیا ہے کہ ہاسٹل کی تعمیر شروع کرنے کیلئے بی اینڈ آر ڈپارٹمنٹ کے ساتھ میٹنگ بلائی جائے، میٹنگ میں ہاسٹل کی تعمیر کیلئے سنڈیمن پراونشل اسپتال کوئٹہ میں جگہ کا تعین کرکے ہاسٹل کی تعمیر کیلئے عملی اقدامات شروع کیے جانے پر زور دیا جائے گا، ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان سے وابستہ تمام ڈاکٹرز بالخصوص صوبائی کابینہ کے تمام اراکین کامیابی پر داد کے مستحق ہیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: 92 نیوز کوئٹہ

Bullet No. 2 DATE: 09 JUL 2023 Page No: 4

# سبی اور ہرنائی ریلوے ٹریک پر ہنگامی بنیادوں پر کام شروع، یکم اگست کو بحالی متوقع

## عوام کو سستا سفر میسر آئے گا، ریلوے کو روزانہ لاکھوں کی آمدنی کا امکان، سبی ہرنائی سمیت دیگر علاقوں کے عوام کی نظریں وفاقی اور صوبائی حکومتوں پر لگ گئیں

## این ایل سی کے انجینئرز سبی ہرنائی سیکشن کے 5 بڑے پل بنانے میں مصروف، ریلوے اسٹیشنوں کی تعمیر بھی یقینی بنائی جارہی، ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ کوئٹہ ڈویژن نگران

سبی (نامہ نگار) وفاقی حکومت کی کامیاب حکمت عملی وزیراعلیٰ بلوچستان وفاقی وزیر ریلوے کی کاوش رنگ لے آئی، 17 سال سے بند سبی ہرنائی ریلوے سیکشن کی بحالی کیلئے ہنگامی بنیادوں پر کام شروع کردیا گیا، یکم آگست کو ٹرین کی سیٹی گونجنے کی امید پیدا ہوگئی، سبی اور ہرنائی سیکشن کی بحالی سے عوام کو سستے سفر جبکہ ریلوے کو روزانہ لاکھوں کی آمدنی کا امکان ہے، سبی ہرنائی سمیت دیگر علاقوں کے عوام کی نظریں وفاقی وصوبائی حکومتوں پر لگ گئیں، تفصیلات کے مطابق جنوری 2006 کو نامعلوم افراد نے سبی ہرنائی ریلوے ٹریک پر تاج برطانیہ کے دور حکومت میں بنائے جانے والے 5 بڑے ریلوے پلوں اور ریلوے ٹریک کو دھماکا خیز مواد سے نقصان پہنچایا جس کے باعث ٹریک پر ریلوے سروس معطل ہوگئی جس کے باعث مقامی لوگوں کیلئے ریل کا سستا سفر بند ہوگیا، 16 سال تک ٹریک پر ہر قسم کی سروس معطل ہونے سے ریلوے کو ماہانہ لاکھوں کا نقصان ہورہا ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو، مسلم لیگ (ن) کے صوبائی صدر شیخ جعفر خان مندوخیل، صوبائی جنرل سیکریٹری سید جمال شاہ کاکڑ کی کاوشوں کے بعد وزیراعظم شہباز شریف کی ہدایات اور وفاقی وزیر ریلوے سعد رفیق کے احکامات پر سبی ہرنائی سیکشن کے 5 بڑے پل این ایل سی کے انجینئرز کی محنت سے بنانے کے ساتھ ساتھ ریلوے اسٹیشنوں کی تعمیر بھی یقینی بنائی گئی، ریلوے ٹریک کی مرمت کا کام تیزی کے ساتھ ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ کوئٹہ ڈویژن کی نگرانی میں جاری ہے، یکم آگست 23 کو سبی ہرنائی ریلوے سیکشن بحال کرکے ترین سروس شروع کردی جائے گی۔ واضح ہے 1883 میں برطانوی دور میں تمام وسائل کو بروئے کار لانے کیلئے ہرنائی ودیگر علاقوں کے اونچے اونچے پہاڑوں کو کاٹ کر حیرت انگیز ریلوے لائن کا منصوبہ بنایا گیا، 1948 میں باقاعدہ سبی ہرنائی، ناکس شاہرگ اور خوست سمیت بوستان اور ژوب تک 300 کلومیٹر طویل ترین ریلوے لائن کو تاریخی اہمیت کا حامل بنادیا گیا، منصوبے نے دنیا کے مایہ ناز انجینئرز کو حیرت زدہ کرڈالا، ہرنائی وسائل سے مالامال علاقہ ہے جس کے پہاڑ معدنیات کی دولت سے مالامال ہیں، ہرنائی ناکس شاہرگ خوست زردآلو تک ہزاروں فٹ اونچا اور 65 کلومیٹر طویل ترین سورغر اور تورغر کے پہاڑی سلسلے کوئلے کے ذخائر سے بھرے ہیں، ہرنائی سے بذریعہ ٹرین ہزاروں ٹن کوئلہ اندرون ملک براستہ سبی سپلائی ہونے سے ریلوے سروس سے محکمہ ریلوے کو روزانہ 50 کروڑ سے زائد فائدہ ہوتا تھا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3 DATE: 09 JUL 2023 Page No: 6


## مصنوعی قیادت کی عوام دشمن پالیسیوں کے سبب بلوچستان مشکلات کا شکار ہے، نیشنل پارٹی

### نیشنل پارٹی سیاسی حکمت عملی کے تحت آنے والے انتخابات میں حصہ لے گی ٹھپہ مافیا اور عوام دشمن سرکاری گروہ کو عبرت کا نشان بنا دے گی

### موسمی بٹیروں کی نیشنل پارٹی میں کوئی گنجائش نہیں، سیاسی کارکن کو نیشنل پارٹی میں اولیت حاصل ہے، جان محمد بلیدی، منظور احمد گچکی، فدا بلیدی

تربت (این این آئی) نیشنل پارٹی مضبوط سیاسی حکمت عملی کے تحت آنے والے انتخابات میں بھرپور حصہ لے گی ٹھپہ مافیا اور عوام دشمن سرکاری گروہ کو عبرت کا نشان بنا دیں گے موسمی بٹیروں کی نیشنل پارٹی میں گنجائش نہیں، سیاسی کارکن کو نیشنل پارٹی میں اولیت حاصل ہے۔ ان خیالات کا اظہار نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل جان محمد بلیدی، سینئر سیاسی رہنما سابق سینٹ و قومی اسمبلی کے رکن منظور احمد گچکی، فدا بلیدی، طاہر بلوچ، حبیب محمد بلوچ اور پیر جان نے تحصیل کونسل شہرک کے ہیرونک میں منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کار...... بقیہ نمبر 67 صفحہ 9 پر

کنوں پر زور دیا کہ وہ گیارہ جولائی کو شہید مولا بخش دشتی اور قاضی غلام رسول کی یاد میں منعقدہ اجلاس میں بھرپور شرکت کریں۔ انہوں نے کہا کہ اس علاقے کے نمائندوں نے اس علاقے کو بری طرح نظر انداز کر رکھا ہے چند مخصوص افراد کو نوازا گیا ہے عوامی اور اجتماعی مسائل نظر انداز رہے ہیں تمام تر توجہ ذاتی اور غیر اہم انفرادی نوعیت کے بندات پر رہی ہے علاقے کے تمام بنائے گے ڈیم ناقص تعمیر کے سبب مون سون کی نظر ہو گے۔ شہرک تا سامی روڈ جیسے اجتماعی اسکیمات نظر انداز رہے۔ بلیدہ دشتی پروجیکٹ ناکام ہو گیا بلیدہ تربت روڈ سفر کے قابل نہیں ہے تمام فنڈز کرپشن اور اقربا پروری کے نظر ہو گے ہیں۔ انھوں نے کارکنوں پر زور دیا کہ وہ علاقے میں تنظیم سازی کے عمل کو موثر انداز میں آگے لے جائیں۔

## گرمی کی شدید لہر اور زرعی سیزن میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ ظلم ہے، جمعیت نظریاتی

### کیسکو کے ظالمانہ اقدامات بند کر کے بجلی کی درست وولٹیج کیساتھ فراہمی یقینی بنائے، عوام کو احتجاج و دھرنوں پر مجبور نہ کرے

### زمینداروں کو صرف دو سے تین گھنٹے بجلی فراہم کرنا کہاں کا انصاف ہے، مولانا عبدالقادر لونی، حافظ عبدالاحد مولانا حیات و دیگر

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی بلوچستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی، صوبائی جنرل سیکرٹری مولانا حافظ عبدالاحد کہدانی، نائب امیر مولانا محمد حیات، نائب امیر سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی، سرپرست مولانا خدائے نظر، نائب امیر مفتی رحمت اللہ، ڈپٹی جنرل سیکرٹری حاجی عبیداللہ حقانی، حاجی حیات اللہ کاکڑ، جوائنٹ سیکرٹری میر مبارک محمد حسنی، سرپرست مولانا نعمت اللہ، صوبائی سالار عبدالولی و دیگر نے کہا کہ گرمی کی شدید لہر اور عین زرعی سیزن میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ نے عوام کو بے حال کر دیا کیسکو کی من مانیاں اور ظا...... بقیہ نمبر 74 صفحہ 9 پر

لمانہ اقدامات پر جمعیت نظریاتی خاموشی اختیار نہیں کرے گی عوام کو لوڈ شیڈنگ کے خلاف قومی شاہراہوں دھرنے پر مجبور نہ کرے غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کے باعث بلوچستان میں زراعت تباہی کے دہانے پر پہنچ چکی ہے منصوبے کے تحت زمینداروں اور زراعت سے وابستہ افراد کا استحصال کیا جا رہا ہے صوبے کا واحد پیشہ زراعت ہے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

DATE: 09 JUL 2023

Page No: 7


## ڈبل روڈ پر فائرنگ، دو افراد ہلاک، تین زخمی

**مرنے والے آپس میں رشتہ دار تھے اور ان کے درمیان کافی عرصے سے جائیداد کا تنازع چلا آ رہا تھا**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ڈبل روڈ پر فائرنگ سے دو افراد جاں بحق تین راہگیر زخمی ہو گئے۔ پولیس کے مطابق ہفتہ کی شام ڈبل روڈ پر دو گروپوں میں مسلح تصادم کے نتیجے میں رئیسانی روڈ کلی شیخان کا رہائشی ظاہر خان اور دوسرے گروپ کا نصیب اللہ سکنہ سریکی کلاں موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے جبکہ فائرنگ کی زد میں آ کر تین راہگیر زخمی ہو گئے اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر نعشوں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کیا جہاں ضروری کارروائی کے بعد نعشیں ورثاء کے حوالے کر دی گئیں۔ پولیس حکام کے مطابق مقتولین آپس میں رشتہ دار تھے اور ان کا کافی عرصے سے جائیداد کا تنازع چلا آ رہا تھا پولیس نے مقدمہ درج کرتے ہوئے مزید کارروائی شروع کر دی۔ ڈبل روڈ پر فائرنگ سے زخمی ہونے والوں میں نصرت اللہ ولد عبدالباری، محمد حفیظ ولد محمد حبیب، عبداللہ ولد محمد خان اور محمد ثاقب ولد عبدالرشید شامل ہیں۔

## قلات پولیس کی کامیاب کارروائی
## دو مفرور ملزمان گرفتار

قلات (نامہ نگار) پولیس نے کونگ میں چھاپہ مار کارروائی کرتے ہوئے مفرور ملزمان بجے خان ولد سنجر خان اور رسول بخش ولد مراد خان ساکنان کوحنگ قلات کو گرفتار کیا گیا ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے۔

## شاہرگ میں اسلحہ کے زور پر موٹر سائیکل چھین لی گئی

ہرنائی (نامہ نگار) شاہرگ کول مائنز ایریا میں ڈاکوؤں نے اسلحہ کے زور پر موٹر سائیکل چھین لی اور مزاحمت پر سوار حاجی محمد جان ولد عبدالقیوم ملاخیل کو زخمی کر دیا زخمی کو رورل ہیلتھ سنٹر شاہرگ منتقل کر دیا گیا ہے۔


INTEKHAB QUETTA


## انسداد منشیات کارروائیوں میں خاتون غیر اور ملکیوں سمیت 8 ملزمان گرفتار

**ائیرپورٹ روڈ کوئٹہ کے قریب 2 گاڑیوں سے بھاری مقدار میں منشیات برآمد کر لی گئی**

کوئٹہ (آن لائن) اینٹی نارکوٹکس کی کارروائیوں کے دوران ایک خاتون اور غیر ملکی باشندوں سمیت 8 ملزمان [illegible] کو گرفتار کر لیا گیا۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق

بقیہ نمبر 65 صفحہ 7 پر

منشیات کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے اور 7 کارروائیوں میں بھاری مقدار میں منشیات برآمد کر کے ایک خاتون اور 2 غیر ملکی باشندوں سمیت 8 ملزمان گرفتار کر لیے گئے۔ ایم 1 موٹر وے ٹول پلازہ اسلام آباد کے قریب پشاور کی رہائشی خاتون کے قبضے سے 3 کلو 600 گرام چرس برآمد کر لی گئی۔

# بلوچستان، بجلی، گیس اور پانی کی بحرانی کیفیت لمحہ فکریہ!!

بلوچستان سمیت ملک بھر میں توانائی کا بحران بھلا کس سے پوشیدہ اور مخفی ہے سبھی جانتے ہیں کہ ماضی میں ہمیں اس شعبے پر جو ضروری توجہ مرکوز کرنی چاہئے تھی وہ ہم نے نہیں کی، جو بھی حکومت آئی اس نے وقت گزاری کی اور چلی گئی حالانکہ بچہ بچہ جانتا ہے کہ پاکستان کی معیشت اور معاشرت ترقی پذیر ہے اور یہاں ہر گزرتے دن کے ساتھ توانائی کی طلب بڑھ رہی ہے ایسے میں ہونا تو یہ چاہئے تھا کہ آج سے چار پانچ عشرے قبل ہی منصوبہ بندی کی جاتی توانائی کی پیداواری صلاحیت بڑھانے کے لئے کام ہوتا لیکن افسوس کہ ہم نے وہ توجہ نہیں دی جو ہمیں دینی چاہئے تھی نتیجہ یہ نکلا کہ آج ملک میں بجلی ہو یا گیس ہمیں بحرانی کیفیت کا سامنا ہے۔ بالخصوص اگر ہمارے صوبے بلوچستان کی بات کریں تو یہاں صورتحال زیادہ گھمبیر و سنگین ہے یہاں نہ تو گیس اور بجلی کی طلب ہو پا رہی ہے اور نہ ہی آبی بحران کے خاتمے کے لئے وقت کی ضرورتوں اور حالات کے تقاضوں سے ہم آہنگ اقدامات اٹھائے جا سکے۔ کوئٹہ سمیت اندرون بلوچستان پانی و بجلی کی قلت کا مسئلہ کافی عرصے سے متعلقہ حکام کی توجہ کا متقاضی رہا ہے تاہم افسوس کا مقام یہ ہے کہ سابقہ حکومتوں نے اہم ترین عوامی مسائل کے حل کے حوالے سے اپنے فرائض و ذمہ داریاں کا کما حقہ ادراک و ایقان نہیں کیا جس کی وجہ سے چھوٹے چھوٹے مسائل بھی بڑھ کر انتہائی پیچیدہ نوعیت اختیار کر گئے اب پانی ہی کے مسئلے کو لے لیجئے ہر سال جب گرمیاں آتی ہیں کوئٹہ میں قلت آب اور بجلی کا بحران سر اٹھاتا ہے جس کے باعث احتجاج بھی ہوتا ہے، بیانات بھی آتے ہیں اور اسمبلی فلور تک پر صدائے بازگشت گونجتی رہتی ہے۔ ابھی عید الاضحیٰ سے ایک ہفتہ قبل جب بلوچستان شدید گرمی کی لپیٹ میں رہا اس دوران پورے صوبے میں بجلی کی غیر معمولی اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ عروج پر رہی شہریوں نے کیسکو کے خلاف احتجاج کیا حتیٰ کہ بلوچستان اسمبلی کے فلور پر بھی اس مسئلے کی صدائے بازگشت سنائی دی اراکین نے بھی کوئٹہ سمیت اندرون صوبہ پانی و بجلی بحران پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ عوام پانی کی بوند بوند کو ترس رہے ہیں، کیسکو اپنی ذمہ داریاں پوری نہیں کر رہا جس کی وجہ سے عوام کو نہ صرف طویل و غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ بلکہ وولٹیج کی کمی بیشی کا مسئلہ درپیش ہے گزشتہ کافی عرصے سے کوئٹہ شہر میں پانی کی قلت کا مسئلہ موجود ہے جو دن بدن سنگین ہوتا جا رہا ہے شہر کے اکثر علاقوں میں ٹیوب ویل خراب یا پھر ضرورت پوری نہیں کر رہے جس کے باعث ان علاقوں کے عوام ٹینکر مافیا کے رحم و کرم پر ہیں آج سے نہیں گزشتہ کئی برسوں سے کوئٹہ سمیت اندرون بلوچستان نہ صرف بجلی کی طویل و غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ جاری ہے وولٹیج کی کمی بیشی، ٹرپنگ اور اب تو فورس لوڈشیڈنگ اور شٹ ڈاؤن ایسے معاملات بھی عام ہوگئے ہیں صوبے کی مین ٹرانسمیشن لائنز اب صوبے کی طلب پوری نہیں کر پا رہیں اکثر ٹرانسمیشن لائنیں یا تو بوسیدہ ہو چکی ہیں یا پھر ان کی کپیسٹی کم پڑ گئی ہے صوبے کے زمیندار خصوصی طور پر مشکلات سے دوچار ہیں جبکہ کوئٹہ سمیت اندرون صوبہ پانی و بجلی کا بحران سر اٹھا چکا ہے جو حکومت کی توجہ چاہتا ہے۔ وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے بلوچستان کی گیس اور بجلی کی ضرورت پوری کرنے کے حوالے سے وفاقی حکومت سے بارہا مطالبے کئے ہیں متعلقہ حکام سے ملاقاتیں کر کے انہیں مسائل کے حل کی تاکید کی بلوچستان اسمبلی کے فلور سے قراردادیں پاس ہوتی رہیں، ان کیمرہ سیشنز ہوتے رہے مگر سب بے سود اب بھی مسائل جوں کے توں موجود ہیں یہ مسائل ایک دم سے پلک جھپکتے حل نہیں ہوں گے ان کے لئے منصوبہ بندی، لائحہ عمل اور دوٹوک اقدامات کی ضرورت ہے ہماری تجویز یہ ہے کہ صوبائی حکومت اس حوالے سے دو تین ضروری اقدامات اٹھائے پہلا کام یہ کیا جائے کہ ایک پارلیمانی کمیٹی تشکیل دی جائے جو وفاق میں جا کر وزارت پانی و بجلی کے حکام اور گیس حکام سے ملاقات کرے متعلقہ حکام سے باز پرس کی جائے کہ کیا وجہ ہے کہ بلوچستان کی بجلی اور گیس کی ضروریات پوری نہیں ہو پا رہیں؟ اسی دوران وزیراعلیٰ صاحب پی اینڈ ڈی اور دیگر متعلقہ حکام سے خصوصی منصوبوں کا ڈرافٹ بنائیں جس میں یہ تجاویز شامل ہوں کہ صوبے کی بجلی اور گیس کی ضروریات پوری کرنے کے لئے کیا کیا اقدامات کئے جانے چاہئیں ساتھ ہی ساتھ صوبائی حکومت اپنے وسائل سے بھی بجلی پیدا کرنے کے منصوبے بنائے سولرائزیشن اور دیگر ضروری اقدامت اٹھائے جائیں اور آبی قلت کے خاتمے کے لئے ڈیموں کی تعمیر سمیت دیگر ضروری وسائل اور اقدامات کو یقینی بنایا جائے عوام کو آگہی دی جائے کہ پانی کس قدر عظیم نعمت خداوندی ہے اس کے استعمال میں احتیاط کا مظاہرہ کیا جائے امید ہے کہ وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو کی قیادت میں یہ موجودہ مخلوط حکومت جاتے جاتے ان تینوں اہم ترین مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر دیکھے گی اور نہ صرف وفاقی حکومت سے اس معاملے پر فوری اقدامات کا مطالبہ کرے گی بلکہ خود صوبائی حکومت اپنے وسائل کو بروئے کار لانے کے حوالے سے بھی کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کرے گی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Baakhabar Quetta

Bullet No. 6    DATE: 09 JUL 2023    Page No: 10

# بلوچستان میں آٹے اور گندم کی گرانفروشی، وزیراعلیٰ کا نوٹس

وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کوئٹہ اور صوبے کے دیگر علاقوں میں آٹے اور گندم کی مبینہ گرانفروشی کا نوٹس لیتے ہوئے یقین دلایا ہے کہ عوام کو مقررہ نرخوں پر آٹے کی فراہمی یقینی بنائی جائیگی انہوں نے کمشنر نصیرآباد اور متعلقہ پولیس حکام کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنے ڈویژن سے گندم کو صوبے سے باہر لے جانے پر عائد پابندی کو یقینی بنائیں اور عوام کو مقررہ نرخوں پر آٹے اور گندم کی فراہمی کیلئے نتیجہ خیز کوشش کی جائیں امید ظاہر کی کہ گندم کی وافر مقدار میں دستیابی سے رواں سال تو آٹے کی قلت ہوگی نہ ہی گرانفروش اپنی من مانی کرسکیں گے رواں سال گندم کی فصل بہت اچھی ہوئی ہے اس لیے عوام کو آٹے اور گندم کی مقررہ نرخوں پر فراہمی میں کوئی رکاوٹ نہیں ہونی چاہیئے اور جو عناصر ناجائز منافع خوری اور ذخیرہ اندوزی کے مرتکب ہورہے ہیں ان کے خلاف اضلاع کی انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو بھرپور کارروائی کرنی چاہیے۔

Zamana Quetta

# بلوچستان: ضلعی کونسلوں کے چیئرمین منتخب

بلوچستان کی 35 ضلع کونسلوں کے چیئرمینوں اور وائس چیئرمینوں کے انتخابات میں نو اضلاع میں بلوچستان عوامی پارٹی (باپ) نے آزاد پینل کی حیثیت سے کامیابی حاصل کرلی ہے 7 اضلاع میں جمیعت علما اسلام اور پشتون خواہ میپ کا اتحاد کامیاب ہوا جبکہ پانچ اضلاع میں پیپلز پارٹی نے میدان مار لیا۔ اسی طرح دو اضلاع میں بی این پی مینگل، منگچر میں نیشنل پارٹی، مستونگ میں نیشنل پارٹی، پیپلز پارٹی کا حمایت یافتہ پینل، قلات میں چار جماعتی اتحاد کامیاب ہوا۔ ان نتائج سے معلوم ہوتا ہے کہ پی ٹی آئی بلوچستان میں ووٹرز کا اعتماد حاصل نہیں کر سکی۔ اس میں شبہ نہیں کہ بلوچستان کے دور دراز کے اکثر اضلاع بنیادی سہولتوں سے محروم ہیں ان علاقوں کو بلدیاتی اداروں کے ذریعے ہی خوشحالی سے ہمکنار کیا جا سکتا ہے۔ صوبے کے 35 اضلاع میں بلدیاتی حکومت کے قیام سے ان علاقوں کو نہ صرف ترقی دی جا سکے گی بلکہ اس سے عوام میں احساس محرومی کا بھی خاتمہ کیا جا سکے گا۔ حالیہ ضلعی انتخاب میں مختلف جماعتوں کے کامیابی تناسب سے ظاہر ہوتا ہے کہ ملک کی بڑی سیاسی جماعتوں کے مقابلہ میں صوبائی جماعتیں صوبے میں زیادہ سرگرم عمل ہیں اور صوبے کے عوام نے ووٹ کے ذریعے ان پر اپنے اعتماد کا اظہار کیا ہے۔ حیران کن امر یہ ہے کہ ضلعی انتخاب میں پی ٹی آئی کا کوئی بھی امیدوار کامیاب نہیں ہوسکا جو پی ٹی آئی جیسی بڑی سیاسی جماعت کے لئے لمحہ فکریہ ہونا چاہیے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقا ت عا مہ
حکو مت بلو چستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6 DATE: 09 JUL 2023 Page No: 11

# Catalyzing in the curriculum of Balochistan

The importance of embracing the latest trends in education and bringing about a change in the curriculum of Balochistan cannot be overstated. By incorporating technology, adopting personalized learning approaches, emphasizing 21st-century skills, and promoting a global perspective, Balochistan can create an education system that prepares its students to thrive in an ever-changing world. The future success of Balochistan lies in the hands of its educated youth, and it is imperative that the educational system adapts to meet their needs and aspirations. Let us seize this opportunity to transform education in Balochistan and unlock the region's immense potential. Demands of the 21st century workforce go beyond traditional subject knowledge. Balochistan needs to revamp its curriculum to prioritize 21st-century skills, including collaboration, communication, adaptability, and cultural competence. By integrating these skills into the curriculum, Balochistan can produce well-rounded individuals who are better prepared to navigate an increasingly interconnected and diverse world. Technology has revolutionized every aspect of human life, and education is no exception. The integration of educational technology not only enhances the learning experience but also promotes engagement and collaboration among students. Balochistan must embrace this trend and equip schools with appropriate infrastructure, tools, and training to foster digital literacy among students and teachers alike.

By doing so, Balochistan can bridge the digital divide and prepare its youth to participate in the digital economy. Education is the cornerstone of development and progress, providing individuals with the necessary knowledge and skills to navigate the complexities of the modern world. In today's rapidly evolving society, it is crucial to recognize the significance of incorporating the latest trends in education and reevaluating the curriculum to meet the needs of learners effectively. This editorial explores the importance of embracing the latest trends in education and advocates for change in the curriculum of Balochistan, a region with immense potential awaiting discovery. Recognizing that every student is unique, the latest trends in education emphasize personalized and student-centric learning approaches. Balochistan's curriculum should shift from a one-size-fits-all model to one that caters to individual needs, interests, and learning styles. This can be achieved through project-based learning, experiential learning, and fostering creativity and critical thinking. Such an approach empowers students to take ownership of their education, fostering a passion for learning that extends beyond the classroom. Globalization has made the world a global village, necessitating an understanding of diverse cultures, perspectives, and global issues. Balochistan's curriculum should incorporate multicultural education, promoting tolerance, empathy, and global citizenship.

By exposing students to different cultures and ideas, Balochistan can foster a sense of interconnectedness and prepare its youth to contribute positively to society on a global scale. To thrive in the 21st century, students must possess a diverse set of skills beyond theoretical knowledge. However, the current curriculum in Balochistan places excessive emphasis on rote memorization and examination-based learning, which hampers the development of vital skills such as creativity, communication, critical thinking, and collaboration. Balochistan's educational institutions must prioritize skills development through practical and experiential learning approaches, encouraging students to become active participants in their own education.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقا ت عا مہ
حکو مت بلو چستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6 DATE: 09 JUL 2023 Page No: 12


## Balochistan's mangroves

Mangroves are considered an important part of the coastal environment that acts as kidneys for the coastal waters. Mangroves provide conducive atmosphere for fishing grounds of various types of fishes and particularly they offer protection against coastal erosion as well as protect the coastal areas from heavy cyclones. Unfortunately owing to lack of other sources over the year mangrove forests have been used domestically as a source of wood for construction; source of fodder for livestock and a source of fuel which is amongst the leading causes of deterioration in mangrove population. The largest mangrove forest in Balochistan spreading over an area of 2193 sq km. The area is supplied with fresh water from the Philarsi and Windar rivers. The mangroves located along the coastal area of Balochistan are limited but their importance is very significant. A research study by the International Union for Conservation of Nature (IUCN) in collaboration with Pakistan Space and Upper Atmosphere Research Commission (SUPARCO) generated the stock map of Mangroves of Balochistan through satellite derived information, according to which the total mangroves forest are 4058.36 hectares along the coast of Balochistan latest stock taking in Miani Hor, Kalmat Hor and Jiwani in 2003. Various environmental studies shown a declination in the population of mangroves along the Balochistan and Sindh coast hence, restoration research, activities and awareness campaigns about mangroves are now quite essential and it is however, encouraging that such activities are being religiously carried out to conserve and re-grow the mangroves along with multiple awareness activities carried out with the collaboration of IUCN Pakistan, World Wide Fund (WWF) Pakistan & National Rural Support Programme (NRSP). The drive started by Department of Forests and Wildlife Balochistan to plant 250,000 saplings and 435,000 trees of mangroves with the help of locals and NGOs is commendable. The most imported point of this drive is that the local people have been made stakeholders as they particularly women are being paid for planting mangrove plants and protecting their nurseries. A lack of forests and grassland areas makes warm coastal cities particularly vulnerable to global warming and rising sea levels. There is a strong need to keep planting new mangrove forests, but equally important is the need to protect the forests that exist. Hopefully, the Forest and Wildlife department will make all out efforts to make this project a productive and successful one as it is of great importance in connection with environment, preventing sea erosion and providing better atmosphere to marine life for better growth.